1210 ـ کمپیوٹر کمپنیوں کے حصص کی خریداری

سوال

کیا کمپیوٹر یا اس طرح کی دوسری کمپنیوں کے حصص کی خریداری جائز ہے، سبب ذکر کرنے کے ساتھ؟ اور اگر جائز ہے تو کیا ان کمپنیوں میں جو صرف ٹیکنالوجی آلات کا لین دین کرنےوالی دوسری کمپنیوں کے حصص کی خریداری میں سرمایہ کاری کرتی ہیں کے حصہ دار بننا جائز ہے، سبب ذکر کرنے کے ساتھ ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

انسان کے لیے ان کمپنیوں میں ایك شرط پر سرمایہ لگانا جائز ہے کہ جب یہ کمپنیاں سودی لین دین نہ کرتی ہوں (اور نہ ہی کوئی حرام چیز فروخت کرتی ہوں، اور غیر شرعی طریقہ سے لین دین نہ کرتی ہوں) اور اگر ان کا لین دین سودی ہو تو پھر جائز نہیں, اس لیے کہ کتاب و سنت اور اجماع کے مطابق سودی لین دین کرنے کی حرمت ثابت ہے.

مزید تفصیل کے لیے فتاوی اسلامیہ (2 / 392) دیکھیں، اور سوال نمبر (8590) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .